احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

روزنامہ
الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

پیر 19 جنوری 2009ء 21 محرم 1430 ہجری 19 صلح 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 14

ضعیفوں کا ماویٰ

حضرت سہل بن حنیفؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ غریب اور کمزور مسلمانوں کے پاس تشریف لے جاتے۔ ان سے ملاقات کرتے ان کے مریضوں کی عیادت کرتے اور ان کے جنازوں میں شرکت فرماتے تھے۔

(کنزالعمال جلد7 صفحہ155 حدیث نمبر:18491)

فلسطینیوں کے لئے دعاؤں کی بہت ضرورت ہے وہ ظلم کی چکی میں پس رہے ہیں

ان کی اقتصادی مدد بھی کریں اور مدد کرنے والی تنظیموں کو بھی ڈونیشن دیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ 16 جنوری 2009 کے آخر پر فرمایا اس وقت میں ایک دعا کی طرف بھی توجہ دلانا چاہتا ہوں۔ جیسا کہ میں نے گزشتہ دو خطبوں میں بھی اس طرف توجہ دلائی تھی کہ فلسطینیوں کے لئے دعاؤں کی بہت ضرورت ہے۔ ان کے حالات تو اب خراب سے خراب تر ہوتے چلے جارہے ہیں اور اب حقیقت میں وہ ظلم کی بڑی خطرناک چکی میں پس رہے ہیں اور اسرائیلیوں کا ظلم بڑھتا چلا جارہا ہے۔ اب تو جو اسرائیل کے ہمدرد تھے ان میں سے بھی کئی چیخ اٹھے ہیں۔ یہ چیخ وپکار اوپری ہے یا واقعی حقیقت میں ان کو احساس ہوا ہے۔ لیکن اب بہرحال شور مچ رہا ہے۔ بہرحال پہلے خاموش بیٹھنے والے بھی یہی لوگ تھے اگر ابتداء سے ہی انصاف کے تقاضے پورے کرتے ہوئے فیصلہ کرتے تو یہ حالات نہ ہوتے۔ تو یہ جوان ملکوں کی خاموشی رہی ہے، یہ بھی ظلم کا ساتھ دینے والی بات ہے اور ظلم کو ہوا دینے کے مترادف ہے۔ بہرحال معصوم بچے، عورتیں اور بوڑھے جس بے دردی سے شہید کئے جارہے ہیں، اللہ تعالیٰ سے ان کے لئے بھی رحم اور فضل کی دعا مانگیں۔ اس وقت ہم ان مظلوموں کی صرف یہی مدد کر سکتے ہیں اور دوسرے یہ UN کی بعض منظور شدہ تنظیمیں ہیں اور خود UN کا ادارہ بھی ان مریضوں اور بھوکوں کے لئے وہاں دوائیاں اور خوراک پہنچا رہے ہیں۔ گو کہ یہ انتظام اتنا معیاری تو نہیں بعض جگہوں پہ صحیح طرح پہنچ بھی نہیں رہا۔ لیکن پھر بھی صرف ان ذرائع سے ہی ان کی مدد ہوسکتی ہے اگر کی جاسکتی ہے، ایک قسم کی مادی مدد۔ اسی طرح Save The Children ایک تنظیم ہے اور دوسری تنظیمیں ہیں، یہ تنظیمیں وہاں مدد کر رہی ہیں تو ان تنظیموں کو بھی جو ڈونیشن مانگتی ہیں ہمیں مدد کرنی چاہئے اور ہیومینیٹی فرسٹ بھی کچھ کر کے ان کے ذریعہ سے بھیجے گی اور جماعتی طور پر بھی انشاء اللہ مدد ہوگی۔ تو یہ مدد ضرور احمدیوں کو کرنی چاہئے جن جن کو توفیق ہے۔ سب سے بڑھ کر یہ کہ جیسا کہ میں نے کہا کہ دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ ان معصوموں پر رحم فرمائے اور ظالم کو پکڑے۔

مریم شادی فنڈ

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنی زندگی میں جو آخری مالی تحریک فرمائی وہ ''مریم شادی فنڈ'' ہے۔ مورخہ 28 فروری 2003ء کے خطبہ جمعہ میں اس تحریک کا اعلان کرتے ہوئے آپ نے فرمایا:۔

''اس فنڈ کا نام مریم شادی فنڈ رکھ دیتا ہوں امید ہے کہ اب یہ فنڈ کبھی ختم نہیں ہوگا اور ہمیشہ غریب بچیوں کو عزت کے ساتھ رخصت کیا جاسکے گا۔''

(الفضل 6 مئی 2003ء)

احباب جماعت کو حضور کی اس تحریک میں خدا تعالیٰ کی دی ہوئی توفیق سے ضرور حصہ لینا چاہئے اور اپنی شادیوں کے مواقع پر اس تحریک میں بھی ادائیگی کرنی چاہئے تاکہ مستحق، بے سہارا اور یتیم بچیاں بھی عزت کے ساتھ رخصت ہوسکیں نیز ایسے افراد جنہیں اللہ تعالیٰ نے مالی فراخی عطا فرمائی ہے وہ شکرانے کے طور پر اپنی استطاعت کے مطابق ضرور اس بابرکت تحریک میں شامل ہونے کی کوشش کریں۔ جزاکم اللہ

(ناظر اعلیٰ)

بابرکت تقریب شادی

محترم صاحبزادہ مرزا خورشید احمد صاحب ناظر اعلیٰ وامیر مقامی تحریر فرماتے ہیں۔

عزیزہ سلمہ بتول بنت مکرم نواب فاروق احمد خان صاحب لاہور کا اعلان نکاح ہمراہ عزیزم سید عمار احمد ابن مکرم سید منور احمد صاحب ڈیفنس لاہور مورخہ 30 جولائی 2008ء بر موقع جلسہ سالانہ برطانیہ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا۔ عزیزہ سلمہ بتول کی رخصتانہ کی تقریب مورخہ 28 نومبر 2008ء کو لاہور میں منعقد ہوئی۔ عزیزہ سلمہ بتول مکرم عباس احمد خان صاحب آف لاہور کی پوتی اور مکرم ملک عمر علی کھوکھر صاحب ملتان کی نواسی ہیں اور عزیزم سید عمار احمد مکرم صاحبزادہ مرزا رفیع احمد صاحب کے نواسے اور مکرم سید محمد احمد صاحب سابق صدر ڈیفنس لاہور کے پوتے ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس رشتہ کو ہر دو خاندانوں کیلئے ہر لحاظ سے بابرکت کرے اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔ آمین

مشعل راہ

خلفاء کو عصمت صغریٰ حاصل ہوتی ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ 26 ستمبر 2003ء میں اطاعت درمعروف کی تعریف کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

''یہ تو ہوسکتا ہے کہ ذاتی معاملات میں خلیفہ وقت سے کوئی غلطی ہو جائے۔لیکن ان معاملات میں جن پر جماعت کی روحانی اور جسمانی ترقی کا انحصار ہو اگر اس سے کوئی غلطی سرزد بھی ہو تو اللہ تعالیٰ اپنی جماعت کی حفاظت فرماتا ہے اور کسی نہ کسی رنگ میں اسے اس غلطی پر مطلع کر دیتا ہے۔صوفیاء کی اصطلاح میں اسے عصمت صغریٰ کہا جاتا ہے۔گویا انبیاء کو تو عصمت کبریٰ حاصل ہوتی ہے لیکن خلفاء کو عصمت صغریٰ حاصل ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ ان سے کوئی ایسی اہم غلطی نہیں ہونے دیتا جو جماعت کے لئے تباہی کا موجب ہو۔ان کے فیصلوں میں جزئی اور معمولی غلطیاں ہوسکتی ہیں۔مگر انجام کار نتیجہ یہی ہوگا کہ..........غلبہ حاصل ہوگا اور اس کے مخالفوں کو شکست ہوگی۔گویا بوجہ اس کے کہ ان کو عصمت صغریٰ حاصل ہوگی خدا تعالیٰ کی پالیسی بھی وہی ہوگی جو ان کی ہوگی۔بے شک بولنے والے وہ ہوں گے، زبانیں انہی کی حرکت کریں گی، ہاتھ انہی کے چلیں گے، دماغ انہی کا کام کرے گا مگر ان سب کے پیچھے خدا تعالیٰ کا اپنا ہاتھ ہوگا۔ان سے جزئیات میں معمولی غلطیاں ہوسکتی ہیں۔بعض دفعہ ان کے مشیر بھی ان کو غلط مشورہ دے سکتے ہیں لیکن ان درمیانی روکوں سے گزر کر کامیابی انہی کو حاصل ہوگی اور جب تمام کڑیاں مل کر زنجیر بنے گی تو وہ صحیح ہوگی اور ایسی مضبوط ہوگی کہ کوئی طاقت اسے توڑ نہیں سکے گی۔

(تفسیر کبیر جلد 6 صفحہ 376-377)

پھر قرآن شریف میں آتا ہے (۔) (سورۃ النور:54) اور انہوں نے اللہ کی پختہ قسمیں کھائیں کہ اگر تو انہیں حکم دے تو وہ ضرور نکل کھڑے ہوں گے۔تو کہہ دے کہ قسمیں نہ کھاؤ۔دستور کے مطابق (معروف طریق کے مطابق) اطاعت (کرو) یقیناً اللہ جو تم کرتے ہو اس سے ہمیشہ باخبر رہتا ہے۔

تو اس آیت سے پہلی آیتوں میں بھی اطاعت کا مضمون ہی چل رہا ہے اور مومن ہمیشہ یہی کہتے ہیں کہ ہم نے سنا اور اطاعت کی اور مانا اور اس تقویٰ کی وجہ سے وہ اللہ تعالیٰ کے مقرب ٹھہرتے ہیں اور بامراد ہو جاتے ہیں۔تو اس آیت میں بھی یہ بتایا ہے کہ مومنوں کی طرح 'سنو اور اطاعت کرو' کا نمونہ دکھاؤ، قسمیں نہ کھاؤ کہ ہم یہ کر دیں گے، وہ کر دیں گے۔

حضرت مصلح موعود نے اس کی تفسیر میں لکھا ہے کہ دعوے تو منافق بھی بہت کرتے ہیں اور اصل چیز تو یہ ہے کہ عملاً اطاعت کی جائے اور منافقوں کی طرح بڑھ بڑھ کر باتیں نہ کی جائیں۔تو یہاں اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کے لئے فرما رہا ہے کہ جو معروف طریقہ ہے اطاعت کا، جو دستور کے مطابق اطاعت ہے، وہ اطاعت کرو۔نبی نے تمہیں کوئی خلاف شریعت اور خلاف عقل حکم تو نہیں دینا جس کے بارہ میں تم سوال کر رہے ہو۔اس کی مثال میں دیتا ہوں کہ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ میری بیعت میں شامل ہوئے ہو اور مجھے مانا ہے تو پنج وقتہ نماز کے عادی بن جاؤ، جھوٹ چھوڑ دو، کبر چھوڑ دو، لوگوں کے حق مارنا چھوڑ دو، آپس میں پیار و محبت سے رہو، تو یہ سب طاعت درمعروف میں ہی آتا ہے۔یہ کام کوئی کرے نہ اور کہتے پھرو کہ ہم قسم کھاتے ہیں کہ آپ جو حکم ہمیں دیں گے ہم اس کو بجا لائیں گے اور اسے تسلیم کریں گے۔اسی طرح خلفاء کی طرف سے مختلف وقتوں میں مختلف تحریکات بھی ہوتی رہتی ہیں۔روحانی ترقی کے لئے بھی جیسا کہ (۔) کو آباد کرنے کے بارہ میں ہے، نمازوں کے قیام کے بارہ میں ہے، اولاد کی تربیت کے بارہ میں ہے، اپنے اندر اخلاقی قدریں بلند کرنے کے بارہ میں، وسعت حوصلہ پیدا کرنے کے بارہ میں، دعوت الی اللہ کے بارہ میں، یا متفرق مالی تحریکات ہیں۔تو یہی باتیں ہیں جن کی اطاعت کرنا ضروری ہے۔دوسرے لفظوں میں طاعت درمعروف کے زمرے میں یہی باتیں آتی ہیں۔تو نبی نے یا کسی خلیفہ نے تمہارے سے خلاف احکام الٰہی اور خلاف عقل تو کام نہیں کروانے۔یہ تو نہیں کہنا کہ تم آگ میں کود جاؤ اور سمندر میں چھلانگ لگا دو۔

(روزنامہ الفضل 6 فروری 2004ء)

امن کا حصار

ربوہ کی سر زمین کو چوموں گا بار بار
ربوہ کی برکتوں نے ہی بخشا مجھے قرار

زیر زمیں جو سوئی ہیں ربوہ میں ہستیاں
روشن ہیں ان کے نور سے ربوہ کے برگ و بار

علم و عمل کا شہر ہے اور امن کا حصار
جاری ہیں چشمے فیض کے ربوہ کے ہر کنار

پھر کھل اٹھیں گے خوشیوں سے ربوہ کے بام و در
آئے گا جب بھی لوٹ کر ربوہ کا شہر یار

فضل عمر کی درد سے لبریز تھی دعا
ربوہ کو جس نے کر دیا اک شہر مرغزار

ظلمت تمام نور میں تبدیل ہو گئی
پہنچے جہاں بھی مہدیٔ برحق کے جاں نثار

ربوہ پہ میرے مولیٰ کا سایہ رہے ہمیش
مومن کے دل سے اٹھتی ہے یا ربّ یہی پکار

خواجہ عبدالمومن

دورہ نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل

۞ مکرم نعیم احمد صاحب اٹھوال نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل آجکل توسیع اشاعت، وصولی واجبات اور اشتہارات کیلئے ضلع سیالکوٹ کے دورہ پر ہیں۔ احباب جماعت و اراکین عاملہ و مربیان کرام سے خصوصی تعاون کی درخواست ہے۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

ضروری تصحیح

۞ الفضل 16 جنوری 2009ء کے صفحہ 2 پر ڈاکٹر عبدالسلام صاحب کے تایا کا نام سہو کتابت سے غلام یٰسین لکھا گیا ہے۔اصل نام چوہدری غلام حسین ہے۔

(ادارہ)

☆......☆......☆

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

از افاضات حضرت خلیفۃ المسیح الثالث

خلیفہ خدا بناتا ہے

جب بھی اللہ تعالیٰ کا کوئی رسول یا اس کے خلفاء میں سے کوئی خلیفہ وفات پاتا ہے تو اس وقت خدا تعالیٰ کے قائم کردہ سلسلہ کی حالت وہ ہوتی ہے جس کا ذکر یہاں کیا گیا ہے کہ ایک گڑھا ہے جس میں آگ بھڑک رہی ہے اور وہ اس کے کنارے پر کھڑے ہیں اور نہیں کہا جاسکتا کہ وہ آگ کے گڑھے میں گر جائیں گے یا اللہ تعالیٰ کا فضل آسمان سے نازل ہوگا اور ان کو اس آگ سے بچالے گا۔

ایسے موقع پر (چند گھڑیاں ہوں یا چند گھنٹے ہوں یا چند دن ہوں) شیطان کی ساری طاقت اس کام میں صرف ہو رہی ہوتی ہے کہ خدا کی مقرب جماعت میں فتنہ پیدا کرے اور ان کو آگ میں دھکیل دے اور خدا کی لعنت کا انہیں مورد بنائے اور خدا کے پیار سے انہیں دور لے جائے۔ پس اس وقت شیطانی طاقتیں پورا زور لگا رہی ہوتی ہیں اور ہر قسم کے فتنے جماعت میں پیدا کرنے کی کوشش کر رہی ہوتی ہیں بدظنی کو ہوا دے کر اور کمزور دل خوف سے بھر جاتے ہیں اور ہر تدبیر جس سے الٰہی سلسلہ میں کمزوری پیدا کی جاسکتی ہے وہ تدبیر شیطان اور اس کے ساتھی کر رہے ہوتے ہیں اس وقت اللہ تعالیٰ اپنے ایک نہایت کمزور بندے پر نگاہ ڈالتا اور اپنے لئے اسے چنتا ہے کیونکہ ہمارا یہ عقیدہ ہے کہ خلیفہ اللہ تعالیٰ ہی بناتا ہے اگر بندوں پر اس کو چھوڑا جاتا تو جو بھی بندوں کی نگاہ میں افضل ہوتا اسے ہی وہ اپنا خلیفہ بنالیتے۔ لیکن خلیفہ خود اللہ تعالیٰ بناتا ہے اور اس کے انتخاب میں کوئی نقص نہیں۔ وہ اپنے ایک کمزور بندے کو چنتا ہے جس کے متعلق دنیا سمجھتی ہے کہ اسے کوئی علم حاصل نہیں، کوئی روحانیت اور بزرگی اور طہارت اور تقویٰ حاصل نہیں۔ اسے وہ بہت کمزور جانتے ہیں اور بہت حقیر سمجھتے ہیں۔ پھر اللہ تعالیٰ اس کو چن کر اس پر اپنی عظمت اور جلال کا ایک جلوہ کرتا ہے۔ اور جو کچھ وہ تھا اور جو کچھ اس کا تھا اس میں سے وہ کچھ بھی باقی نہیں رہنے دیتا اور خدا تعالیٰ کی عظمت اور جلال کے سامنے کلی طور پر فنا اور نیستی کا لبادہ وہ پہن لیتا ہے اور اس کا وجود دنیا سے غائب ہو جاتا ہے اور خدا کی قدرتوں میں وہ چھپ جاتا ہے تب اللہ تعالیٰ اسے اٹھا کر اپنی گود میں بٹھا لیتا ہے۔ اور جو اس کے مخالف ہوتے ہیں انہیں کہتا ہے کہ مجھ سے لڑو اگر تمہیں لڑنے کی تاب ہے۔ یہ بندہ بے شک نحیف، کم علم، کمزور، کم طاقت اور تمہاری نگاہ میں طہارت اور تقویٰ سے عاری ہے لیکن اب یہ میری پناہ میں آ گیا ہے اب تمہیں بہرحال اس کے سامنے جھکنا پڑے گا۔ ایسا کیوں ہوتا ہے؟ اس لئے کہ خدا تعالیٰ یہ ثابت کرنا چاہتا ہے کہ انتخاب خلافت کے وقت اسی کی منشاء پوری ہوتی ہے اور بندوں کی عقلیں کوئی کام نہیں دیتیں۔

اس آیت کا آیت استخلاف کے ساتھ بھی بڑا گہرا تعلق ہے۔ وہاں بھی اللہ تعالیٰ نے ایک اور رنگ میں اسی قسم کا مضمون بیان کیا ہے اللہ تعالیٰ سورۃ النور آیت 56 میں فرماتا ہے۔.......

کہ خلافت کے قائم ہونے پر اللہ تعالیٰ ایسے سامان پیدا کر دیتا ہے کہ وہ لوگ جنہوں نے اس کے رسول کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے اِعْتِصَامُ بِحَبْلِ اللّٰہِ کیا تھا پھر اس کی آواز پر اکٹھے ہو جاتے ہیں اور اپنے عہد کو سمجھنے لگتے ہیں اور یاد رکھتے ہیں اور اس کے مطابق خدا تعالیٰ کی تعلیم پر عمل کرنے والے بن جاتے ہیں۔ اور جب ان کو خدا کا پیار مل جاتا ہے تو اگر دنیا کی ساری دولتیں اس کے عوض میں قربان ہو جائیں تب بھی وہ نہیں چاہتے کہ وہ پیار ان سے کھو جائے اور خدا ان سے ایک سیکنڈ یا لحہ کے لئے بھی ناراض ہو۔.......

جس خوف کا آیت استخلاف میں ذکر ہے وہ وہی خوف ہے جس کو یہاں یوں بیان کیا کہ ایک گڑھا ہے، آگ اس میں بھڑک رہی ہے اور اس کے کنارے پر وہ کھڑے ہیں۔ اس سے زیادہ اور خوف کیا ہو سکتا ہے جبکہ وہ آگ خدا تعالیٰ کی لعنت کی آگ ہے، اس کے قہر کی آگ، اس کی ناراضگی کی آگ ہے۔

تو خدا تعالیٰ فرماتا ہے کہ اس وقت قوم پر ایک نہایت ہی خوف کا وقت ہوتا ہے کہ کہیں وہ اس کے گڑھے میں نہ گر جائیں۔ تب خدا تعالیٰ اپنی قدرت کا ایک نظارہ دنیا کو دکھاتا ہے۔ خدا تعالیٰ کسی کا محتاج نہیں، وہ غنی ہے، دنیا میں سب سے بڑا متقی، دنیا میں سب سے بڑا مطہر، دنیا میں سب سے بڑا عالم، دنیا میں سب سے بڑا عاشق قرآن اور عاشق رسول ﷺ کہلانے والے کا بھی خدا محتاج نہیں ہے بلکہ یہی شخص خدا کا محتاج ہے۔

پس اس وقت اللہ تعالیٰ اپنی قدرت کا نظارہ اس طرح دکھاتا ہے کہ کبھی وہ اپنی قدرت کے اظہار کے لئے اس شخص کو چن لیتا ہے جو قوم کی نگاہ میں بوڑھا ہوتا ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الاوّل کو بہت دفعہ طعنہ دیا گیا کہ بوڑھا آدمی ہے، سمجھ کوئی نہیں۔ خدا تعالیٰ نے فرمایا کہ بوڑھا ہے یا نہیں ہے لیکن ہے میری پناہ میں، میری گود میں، اس واسطے تم اس کے مقابلہ میں ٹھہر نہیں سکتے۔

کبھی خدا تعالیٰ اپنی قدرت کا اس طرح مظاہرہ کرتا ہے کہ ایک بچے کو چن لیتا ہے۔ دنیا کہتی ہے کہ بچہ ہے، قوم تباہ ہو جائے گی، ناسمجھ ہے، کم علم ہے، کم تجربہ ہے مگر خدا تعالیٰ کہتا ہے کہ بے شک بچہ ہے مگر میں تو بچہ نہیں ہوں۔ میں اپنی قدرت اس کے ذریعہ سے ظاہر کروں گا۔ تب وہ قدرت ثانیہ کا مظہر ہو جاتا ہے اور پھر وہی بچہ ان لوگوں کا منہ بند کر دیتا ہے جو اسے بچہ سمجھنے والے اور بچہ کہنے والے ہوتے ہیں۔

کبھی وہ کسی ایسے ادھیڑ عمر انسان کو چن لیتا ہے جسے دنیا اپنی سمجھ اور عقل کے مطابق قطعاً نااہل سمجھتی ہے، کم علم سمجھتی ہے، وہ سمجھتی ہے کہ یہ کام اس کے بس کا ہے ہی نہیں اور حقیقت بھی یہی ہوتی ہے کہ وہ کام اس کے بس کا نہیں ہوتا۔ لیکن کون سا کام ہے جو خدا تعالیٰ کے بس کا نہ ہو۔ پس خدا تعالیٰ اسے چنتا ہے اور جیسا کہ میں نے بتایا ہے اس کے نفس کو اپنی عظمت اور جلال کے جلوہ سے ساتھ کلی طور پر فنا کر دیتا ہے۔ ایسے لوگوں پر کبھی ایسی حالت بھی وارد ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ کے پیار میں کبھی وہ اس طرح بھی محو اور گم ہو جاتے ہیں کہ ان کا دل چاہتا ہے کہ وہ ساری دنیا میں منادی کر دیں کہ مجھے تم میں سے کسی کی بھی ضرورت نہیں ہے اور پھر خدا تعالیٰ ان سے جو اور جس قدر کام لینا چاہتا ہے اسی قدر ان کی مدد اور نصرت بھی کرتا چلا جاتا ہے اور اس طرح وہ دنیا پر ثابت کرتا ہے کہ خدا ہی حقیقتاً سب قدرتوں والا اور سب طاقتوں والا ہے۔

اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو کام خلیفہ وقت کے سپرد کئے جاتے ہیں ان میں سے ایک بڑا اہم کام یہ ہوتا ہے کہ وہ اس بات کی نگرانی کریں کہ قوم "اِعْتِصَامُ بِحَبْلِ اللّٰہِ" کے مطابق اپنی زندگی کے دن گزار رہی ہے کہ نہیں۔ جس کے نتیجہ میں اللہ تعالیٰ محض اپنی نعمت کے طور پر اور اپنے فضل اور برکت کے نتیجہ میں ان کے درمیان مودّت اور اُلفت پیدا کرتا اور انہیں بنیان مرصوص بنا دیتا ہے۔

اس ذمہ داری کو نباہنے کے لئے خلفاء....... نے مختلف تدابیر اختیار کیں ہمارے زمانہ میں ہمارے سلسلہ میں ایک تدبیر اس کے لئے یہ اختیار کی گئی ہے کہ مختلف نظام قائم کر دئے گئے ہیں۔ ایک جماعتی نظام ہے جو سلسلہ کے تمام بنیادی کاموں پر حاوی ہے اور ان کو کما حقہ ادا کرنے کی اس پر ذمہ داری ہے۔ ایک تحریک جدید کا نظام ہے جسے حضرت مصلح موعود نے اس لئے جاری کیا تھا کہ غیر ممالک میں (دین) کی اشاعت کی جائے اور توحید کا جھنڈا گاڑا جائے۔ ایک وقف جدید کی تنظیم ہے کہ جس کے سپرد اشاعت قرآن اور تربیت سلسلہ کا ایک محدود دائرہ کے اندر کچھ کام کیا گیا ہے۔

ان کے علاوہ ذیلی تنظیمیں ہیں انصار اللہ ہے، لجنہ اماء اللہ ہے، خدام الاحمدیہ ہے، ناصرات احمدیہ ہے، اطفال احمدیہ ہے اور بعض دفعہ وقتی طور پر ہم کچھ کام کرتے ہیں یا ایسی کوئی تدبیر کرتے ہیں کہ نہیں کہا جاسکتا کہ وہ وقتی ہے یا مستقل شکل اختیار کر جائے گی۔ مثلاً وقف عارضی کا نظام میں نے جاری کیا ہے اس کے نتائج خدا تعالیٰ کے فضل سے بہت اچھے نکل رہے ہیں لیکن نہیں کہا جاسکتا کہ یہ تحریک کیا رنگ اختیار کرے گی۔ جس رنگ میں اور جس طور پر اللہ تعالیٰ کا منشاء ہوگا اور اس کی ہدایت ہوگی اس کے مطابق ہی وہ شکل اختیار کر لے گی۔ لیکن اس وقت ہم کچھ نہیں کہہ سکتے۔

بہرحال یہ مختلف تدابیر اور ذرائع ہیں تا جماعت کو اِعْتِصَامُ بِحَبْلِ اللّٰہِ کے مقام سے ہٹنے نہ دیا جائے اور یہ تمام تنظیمیں خواہ وہ بنیادی ہوں یا ذیلی ہوں خلیفہ وقت کے اعضاء ہیں۔ اور ان میں سے کسی کو بھی کمزور نہیں کیا جاسکتا نہ عقلاً نہ شرعاً۔ عقل بھی اس کی اجازت نہیں دیتی اور شریعت بھی اس کو برداشت نہیں کرتی کہ وہ ذرائع جو خلیفہ وقت کی طرف سے جاری کئے گئے ہوں ان میں کسی کو کمزور کر دیا جائے اور ہر تنظیم میں سب سے زیادہ طاقت اس وقت ہوتی ہے جب وہ اپنی حدود کے اندر کام کر رہی ہو اگر آپ ایک گز کپڑا لیں اور سوا گز جگہ میں اس کو بچھانا چاہیں اور دو آدمی زور لگا کر اسے پھیلائیں تو وہ تار تار ہو جائے گا اور اپنی افادیت کھو دے گا۔

(خطبات ناصر جلد اول صفحہ 502 تا 506)

حضرت میاں عبدالعزیز صاحب

رفیق حضرت مسیح موعود ؑ یکے از 313

تعارف وبیعت:

حضرت میاں عبدالعزیز کا پہلا نام پچھتر سنگھ تھا۔

حضرت بھائی عبدالرحمٰن قادیانی فرماتے ہیں:

"شیخ عبدالعزیز صاحب جو علاقہ ریاست جموں کے باشندے تھے مجھ سے قریباً دو ہفتے قبل قادیان میں آچکے تھے۔ وہ میرے ساتھ تعلق محبت رکھتے اور مل جل کر رہتے تھے" اس بیان سے اندازہ ہوتا ہے کہ 1895ء میں آپ بیعت کر چکے تھے۔ (کیونکہ یہی وہ سال ہے جب حضرت بھائی عبدالرحمٰن قادیانی نے قادیان میں بیعت کی تھی)

ان کو لوگ اکثر کہتے تھے کہ ختنہ کروا لو۔ وہ بیچارے چونکہ بڑی عمر کے ہو گئے تھے۔ اس لئے ہچکچاتے تھے اور تکلیف سے بھی ڈرتے تھے۔ حضرت مسیح موعود سے ذکر کیا گیا کہ آیا ختنہ ضروری ہے فرمایا بڑی عمر کے آدمی کے لئے ستر عورت فرض ہے مگر ختنہ صرف سنت ہے۔ اس لئے ان کے لئے ضروری نہیں کہ ختنہ کروائیں۔

حضرت اقدس کی کتب میں ذکر

حضرت اقدس نے تحفہ قیصریہ میں جلسہ ڈائمنڈ جوبلی میں شامل ہونے والوں میں آپ کا ذکر کیا ہے۔

نورالقرآن میں آریہ صاحبان کے نام جو حضرت امام کامل کی خدمت میں حاضر ہیں۔ آپ کا نام بھی درج ہے۔ حاشیہ میں لکھا ہے۔

"نیک صالح آدمی ہیں اس جوانی میں صلاحیت حاصل ہونا محض اللہ تعالیٰ کا فضل ہے۔"

قادیان گائیڈ میں (1920ء) میں نو احمدی بھائیوں کے تحت آپ کا نام درج ہے۔ (صفحہ 96) گویا اس وقت آپ زندہ تھے۔

(تاریخ وفات کے بارہ میں علم نہیں ہو سکا)

(اصحاب صدق وصفا صفحہ: 110)

مکرم مسعود احمد ناصر وینس صاحب

میری والدہ مکرمہ فرحت سکینہ اختر صاحبہ

خاکسار کی والدہ مکرمہ فرحت سکینہ اختر صاحبہ 1936ء میں کالیہ ضلع شیخوپورہ میں ایک معزز زمیندار گھرانہ مکرم محمد اسماعیل صاحب چندھڑ کے گھر پیدا ہوئیں۔آپ کی والدہ محترمہ رحیم بی بی صاحبہ ایک نیک سیرت اور خدمت خلق کرنے والی خاتون تھیں۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے خلافت پر متمکن ہونے سے پہلے جب دوروں پر آنبہ ضلع شیخوپورہ تشریف لے جاتے تھے تو آپ کی مہمان نوازی کی سعادت بھی اکثر نانی جان کو ملی۔ اس ضمن میں ایک واقعہ کا ذکر کرنا چاہوں گا۔ چونکہ والدہ کے گاؤں کا نام کالیہ تھا تو حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے وہاں ایک دینی نشست کے بعد فرمایا کہ جہاں رحیم بی بی صاحبہ جیسی نیک اور فرشتہ سیرت خاتون موجود ہیں اس کا نام کالیہ کیسے ہوسکتا ہے۔ لہٰذا آج سے اس مقامی جماعت کا نام کالیہ نہیں بلکہ کالیہ نوریہ ہوگا۔ کالیہ ان لوگوں کے لئے ہے جو کہ حضرت مسیح موعود کی معرفت اور ہدایت سے ناآشنا ہیں اور سمجھتے بوجھتے ہوئے۔ آپ کے انکاری ہیں۔اسی دوران انہوں نے نانی جان کی خدمت خلق کا بھی ذکر کیا۔

انہوں نے بیان فرمایا کہ ’’فاستبقوا الخیرات‘‘ کے مضمون کے حوالہ سے محترمہ رحیم بی بی صاحبہ کا ذکر کرنا چاہوں گا۔ دیکھیں کتنی سادگی اور انکساری کے ساتھ آپ لوگوں کی خدمت کرتی ہیں اور دور دراز سے عورتیں اپنے بچوں کو ’’گھنڈی‘‘ لگوانے کے لئے آپ کے پاس لاتی ہیں اور آپ تمام کام کاج جو دیہاتی ماحول میں گھر چلانے کے لئے عورت کی ذمہ داری سمجھے جاتے ہیں ان کو بھول کر ان لوگوں کے لئے آسانیاں پیدا کرتی ہیں۔ خود کو مشکل میں ڈال کر اور یہاں تک بھی لوگوں سے پتہ چلا ہے کہ ان کی خاطر تواضع کے علاوہ ان کی مالی امداد بھی کرتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ان کو مقبول خدمت کی توفیق عطا فرمائے اور ان کے بچوں کو بھی والدہ کے نقش قدم پر چلائے اور وہ بھی ان نیکیوں اور خدمت خلق میں دوام حاصل کریں۔

حضرت صاحب کی یہی دعا والدہ محترمہ کے تمام عرصہ حیات ساتھ نظر آتی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمارے اور ہماری آئندہ نسلوں کے حق میں ان دعاؤں کو پورا فرمائے۔ آمین

نانی جان کی وفات 1983ء میں ہوئی۔ تب حضرت صاحب خلافت پر متمکن ہو چکے تھے۔ جنازہ ربوہ لایا گیا اور خوش قسمتی سے حضرت صاحب نے آپ کی نماز جنازہ پڑھائی اور بعد از تدفین ازراہ شفقت قبرستان تشریف لے گئے اور دعا بھی کروائی۔ نماز جنازہ پڑھانے سے قبل حضرت صاحب نے فرمایا یہ رحیم بی بی کالیہ نوریہ سے ہیں۔ بہت نیک سیرت اور دعا گو خاتون تھیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے آمین اور ازراہ شفقت تمام بچوں کو ملاقات کا شرف بخشا اور افسوس کیا۔

والدہ مرحومہ بچپن سے ہی قرآن کریم سے شغف رکھتی تھیں اور قرآن کریم ناظرہ و باترجمہ سیکھا ہوا تھا۔ ان دنوں حضرت سید پیر لال شاہ صاحب امیر ضلع شیخوپورہ آف وار برٹن موضع کالیہ تشریف لایا کرتے تھے اور انہیں اس گھر میں قرآن کریم ایک لمبا عرصہ تک گاؤں کی مختلف بچیوں کو پڑھانے کی توفیق ملی۔ حضرت سید پیر لال شاہ صاحب نے والدہ محترمہ فرحت سکینہ اختر صاحبہ کو سارے گاؤں کی بچیوں کا استاد مقرر کر رکھا تھا۔ اسی وجہ سے والدہ صاحبہ کو بچپن ہی سے قرآن مجید پڑھنے پڑھانے کا شوق تھا۔

والدہ مرحومہ بتاتی تھیں کہ ان کی امی جان میرے علاوہ اور لڑکیوں کو بھی گاؤں سے جلسہ پر بھجواتی تھیں۔ اس ضمن میں والدہ محترمہ بیان کرتی تھیں کہ والدہ کی ذاتی کوشش اور دینی حمیت اور غیرت کی بدولت ہی جماعت سے ان کا گہرا تعلق قائم ہوا۔ چونکہ پسماندہ علاقہ سے تعلق تھا لہٰذا والدہ صاحبہ کی کوششوں سے شروع سے ربوہ جلسہ ہائے سالانہ پر بڑے اہتمام سے بھیجنا اور خاص طور پر تاکید کرنی کہ بیٹا ڈیوٹی دینا اور کسی کام کو بھی عار نہ سمجھنا۔

ایک دفعہ میں گاؤں کی لڑکیوں کے ساتھ جلسہ سالانہ پر ڈیوٹی کے لئے آئی ہوئی تھی اور برتن دھونے پر ڈیوٹی لگی۔ میرے ساتھ جو دو لڑکیاں تھیں ان کا نام بھی سکینہ ہی تھا اور جب ڈیوٹی پر موجود ناظمہ صاحبہ بلاتیں تو کہتیں ’’تینوں سکینہ ادھر آجائیں‘‘۔ اس پر 2 دن ایسے ہی گزر گئے۔ ایک دن جب انہوں نے بلایا تو قریب ہی حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ موجود تھیں۔ انہوں نے جب یہ سنا تو نگران صاحبہ کو نہایت شفقت سے فرمایا کہ ایسے بلانا زیب نہیں دیتا۔ پھر انہوں نے ہم تینوں بیبیوں کو بلایا اور امی جان چونکہ ہنستی مسکراتی طبیعت کی مالک تھیں۔ اس لئے حضرت سیدہ نواب مبارکہ بیگم صاحبہ نے ان کا نام فرحت سکینہ اختر رکھ دیا اور والدہ صاحبہ نے بھی تمام زندگی اپنا نام فرحت سکینہ اختر ہی لکھا۔ علاوہ ازیں حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ نے ازراہ شفقت اپنا سویٹر اتار کر والدہ محترمہ کو دیا اور کہا کہ بیٹی اسے پہن لو سردی کی شدت بہت زیادہ ہے، آپ نے سویٹر نہیں پہنا ہوا اور کام کی نوعیت ہی کچھ ایسی ہے کہ سردی فوراً لگ سکتی ہے اور باقی دونوں لڑکیوں کے نام کے ساتھ بھی ایک ایک نام کا اضافہ کر دیا اور ناظمہ کو ہدایت کی کہ ان سے کام کم لیا کرو، سادہ دیہاتی بچیاں ہیں اور ان کو ناموں سے پکارا کرو۔

والدہ صاحبہ بیان کرتی تھیں کہ ایک مرتبہ جلسہ سالانہ کے موقع پر ہم گاؤں کی 5 لڑکیوں کی حضرت خلیفۃ المسیح الثانی سے ملاقات تھی۔ دوران ملاقات ایک لڑکی نے حضرت صاحب سے عرض کیا کہ حضور سکینہ قرآن کریم کا درس بہت اچھا دیتی ہے۔ حضرت صاحب مسکرانے لگے اور فرمایا کہ لاؤ ہم بھی سنتے ہیں۔ چونکہ امی جان جھجک محسوس کر رہی تھیں کہاں اتنی جرأت کہ خلیفہ وقت کے سامنے کچھ بول سکتیں۔ بتاتی تھیں کہ یوں معلوم ہوا جیسے زبان ساتھ چھوڑ گئی ہے اور ٹانگوں میں جان نہیں۔ حضرت صاحب نے اس کیفیت کو بھانپ لیا اور انتہائی پدرانہ شفقت سے فرمایا کہ بیٹا گھبراؤ نہیں ذرا ہم بھی تو سنیں کہ سکینہ کیسا درس دیتی ہے۔ قرآن کریم منگوایا اور ارشاد فرمایا کہ بیٹی شروع کریں۔

امی جان بتاتی تھیں کہ ہمت تو نہ تھی کہ حضرت صاحب کے سامنے کچھ عرض کروں لیکن آپ کے حکم کی تعمیل بھی ضروری تھی۔ لہٰذا آپ نے سورۃ الفاتحہ کا درس دیا۔ درس سننے کے بعد حضرت صاحب نے دریافت کیا کہ آپ نے ترجمہ و تفسیر کہاں سے سیکھی ہے۔ آپ نے استاذ مکرم کا نام بتایا تو حضرت صاحب فرمانے لگے ’’ماشاء اللہ آپ نے سید لال شاہ کی شاگردی کا حق ادا کر دیا ہے اسے آئندہ بھی زندگی میں جاری رکھنا اور شادی کے بعد چھوڑ نہ دینا‘‘۔ تو واقعی خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے اپنی تمام زندگی یہ فرض ایک عالم جانتا ہے کہ احسن طریق سے سرانجام دیا۔

محترمہ فرحت سکینہ اختر صاحبہ جب نوجوانی کی عمر کو پہنچیں تو حضرت سید لال شاہ صاحب نے اپنی چہیتی شاگردہ کا رشتہ موضع ’’بیداد پور‘‘ ضلع شیخوپورہ میں ایک معزز زمیندار گھرانے حضرت چوہدری محمد حیات صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کے اکلوتے صاحبزادے چوہدری احمد حیات صاحب وینس کے ہمراہ طے کر دیا۔ حضرت چوہدری محمد حیات صاحب پچھلی چند پشتوں سے اکیلے بیٹے ہی چلے آرہے تھے لیکن محترم والد صاحب کو اللہ تعالیٰ نے 4 بیٹے عطا کئے۔ محترمہ والدہ صاحبہ نے سسرالی گاؤں آکر بھی قریباً سارے گاؤں کی بچیوں کو قرآن کریم سکھا دیا۔

ہر سال رمضان المبارک کے مہینہ میں محترمہ والدہ صاحبہ بڑے شوق اور اہتمام سے خواتین میں باقاعدہ درس قرآن دینے کی توفیق پاتی رہیں۔ اس سلسلہ میں ایک لمبا عرصہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے دور مبارک میں جب دارالیمن ایک محلّہ تھا یعنی حلقوں میں تقسیم نہ ہوا تھا تو مقامی سطح پر لجنہ اماء اللہ کی جانب سے آپ درس قرآن پاک رمضان المبارک دینے کے لئے مقرر تھیں اور یہ درس مکرم خلیفہ صباح الدین صاحب مرحوم کے گھر ہوتا تھا جس میں بی بی امۃ اللطیف صاحبہ (المعروف بی بی طفی) بھی شرکت کرتی تھیں۔ محلّہ کی عورتیں دور دور سے درس سننے آیا کرتیں۔ آپ کا درس دینے کا انداز اتنا سادہ اور پُراثر ہوتا تھا کہ ہر سننے والے کے دل پر اثر کر جاتا تھا۔ اسی طرح بی بی صاحبہ کے بچوں کو بھی قرآن کریم باترجمہ و سادہ پڑھا کر آپ کو خاندان حضرت مسیح موعود کی خدمت کی سعادت بھی مل گئی۔

ایک دفعہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے ہی دور خلافت میں ایسے افراد جماعت احمدیہ کی لسٹ بنائی گئی جنہوں نے 100 یا اس سے زائد لوگوں کو قرآن کریم سکھایا ہو۔ محترمہ امۃ اللطیف صاحبہ جو کہ اس وقت محلّہ کی صدر تھیں انہوں نے والدہ صاحب سے اپنے شاگردوں کی لسٹ بنانے کا ارشاد کیا جو کہ محترمہ والدہ صاحبہ نے اسی وقت بنا کر دے دی۔ اس لسٹ کو دیکھ کر محترمہ امۃ اللطیف بیگم صاحبہ بے ساختہ فرماتی ہیں کہ ’’ماشاء اللہ آپ کے شاگردوں پر تو سورج بھی غروب نہیں ہوتا‘‘ یعنی شاگردوں کی اتنی تعداد ہے کہ مشرق و مغرب پوری دنیا میں پھیلے ہوئے ہیں۔

محترمہ والدہ صاحبہ انتہائی صابرہ شاکرہ شفیق ملنسار دعا گو مہمان نواز خوش خلق خاتون تھیں۔ تصنع یا بناوٹ کا شائبہ تک نہ تھا۔ ایک ہی ملاقات میں ملنے والے کو اپنا گرویدہ بنا لیا کرتی تھیں۔ جب کبھی بیماری کی صورت میں ہسپتال وغیرہ جاتیں تو سارا عملہ پہلے ہی دن ان کا مطیع ہو جاتا۔ صبح صبح قرآن کریم کی تلاوت خوش الحانی سے کرنا ان کی عادات میں شامل تھا۔ اس وجہ سے سارے مریض فرمائش کر کے قرآن کریم سنا کرتے تھے۔

محترمہ والدہ صاحبہ اس کثرت سے قرآن پاک کی تلاوت کیا کرتی تھیں کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے تقریباً حفظ ہو گیا تھا اور بغیر قرآن کریم دیکھے ہی پڑھنے والا اگر غلطی کرتا تو درست کر دیا کرتی تھیں۔ قرآن کریم کا کوئی بھی نسخہ سامنے آتا تو اس میں سے طباعت کی غلطیوں کی نشاندہی کر دیتی تھیں۔ اکثر ہمارے غیر از جماعت رشتہ دار امی جان سے قرآن کریم کا وہ نسخہ جو آپ نے تلاوت کر لیا ہوتا تھا اپنے گھر لے جاتے تھے کہ اس قرآن کریم میں کوئی غلطی نہیں ہے۔

جب گاؤں بیداد پور ضلع شیخوپورہ میں درس قرآن کریم دیتیں تو اس میں کثیر تعداد میں غیر از جماعت خواتین بھی ہماری احمدیہ بیت الذکر میں آکر شامل ہوتیں اور اس سے استفادہ کرتیں۔ آپ نے سینکڑوں احمدی وغیر از جماعت بچے اور بچیوں کو قرآن کریم ناظرہ، باترجمہ اور تفسیر پڑھائی اور تمام زندگی قرآن کریم کی خدمت میں گزار دی۔ شدید طبیعت خراب ہونے کے باوجود بھی بچوں کو قرآن کریم ضرور پڑھاتیں۔

آپ نے ایک لمبا عرصہ اپنے گاؤں کالیہ نوریہ میں شادی سے پہلے، شادی کے بعد راج گڑھ لاہور اور پھر محلّہ دارالیمن ربوہ میں خصوصاً رمضان المبارک میں خواتین میں درس قرآن دینے کی سعادت حاصل کی۔

آپ کی تمام زندگی اس حدیث مبارکہ کے گرد

گھومتی نظر آتی ہے کہ ”تم میں سے بہترین شخص وہ ہے کہ خود قرآن سیکھے اور پھر دوسروں کو سکھائے“۔ درس دینے کا انداز اتنا سادہ اور پُر اثر ہوتا تھا کہ ہر خاص و عام کے دل پر اثر کر جاتا۔

جب حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے قرآن کریم کو صحیح تلفظ اور مخرج سے پڑھنے کی تحریک فرمائی تو محترمہ والدہ صاحبہ خلیفہ وقت کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے جلد ہی سیکھ لیا اور باوجود بڑھاپے اور ضعف کے بڑے شوق کے ساتھ محلّہ کی ایک خاتون ”یاسمین آپا“ کے گھر باقاعدگی اور شوق کے ساتھ تلفظ سیکھنے جایا کرتی تھیں اور سبق کو گھر میں بار بار دہراتی تھیں۔ لاتعداد شاگرد ہونے کے باوجود آپ خود شاگرد بننے پر بہت خوش ہوا کرتی تھیں۔

آپ خلافت کی فدائی اور پُر جوش داعی الی اللہ تھیں اور خاندان حضرت مسیح موعود سے ایسا گہرا عشق و وفا کا تعلق رکھتی تھیں اور ہر خوشی اور غمی کے موقع پر دعا کے لئے ضرور جاتیں اور ملاقات کرتیں۔

محترمہ والدہ صاحبہ خاندان حضرت مسیح موعود سے ایک خاص تعلق رکھتی تھیں اور بیماری سے پہلے تک ہر مہینہ (تقریباً) کے بعد مقدس خاندان کی مستورات سے ملاقات کے لئے تشریف لے جاتیں اور جب سردیوں میں نشاستہ بناتیں تو خاص طور پر خاندان حضرت مسیح موعود کی خدمت میں بطور تحفہ ضرور بھیجتیں۔

بیماری کی پرواہ کئے بغیر جماعتی پروگرامز میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتی تھیں۔ 2004ء میں آپ کی اینجیو گرافی ہوئی تھی اور مہروں میں بھی تکلیف تھی مگر جب قادیان کا ویزا لگ گیا تو سب چیزوں کو پس پشت ڈال کر قادیان دارالامان گئیں۔ جس سال حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ قادیان تشریف لائے تو بدقسمتی سے ویزا نہ مل سکا۔ آپ کی شدید خواہش تھی کہ خلیفہ وقت کی اقتداء میں قادیان کے جلسہ میں شمولیت اور آپ سے شرف ملاقات حاصل ہوا اور اب ان کو 2008ء کے جلسہ سالانہ کا انتظار تھا مگر زندگی نے وفا نہ کی۔ چونکہ آپ کا پاسپورٹ 2007ء میں ختم ہونا تھا لہٰذا تاکید کر رہی تھیں کہ اسے Reneue کرواؤ تاکہ میں خلافت جوبلی کے پُر مبارک جلسہ میں شریک ہوسکوں۔

یوں تو خلافت احمدیہ سے ہر احمدی کو اللہ تعالیٰ کے فضل سے محبت ہے مگر اس کا انداز اپنا اپنا ہوتا ہے۔ محترمہ والدہ صاحبہ خلافت احمدیہ سے ایک والہانہ جذبہ اور محبت رکھتی تھیں اور ہمیشہ پنجوقتہ نماز میں خلافت احمدیہ کے قیام کے لئے دعائیں کیا کرتی تھیں۔ خلیفہ وقت کی آواز پر ہمیشہ ہراول دستے کی طرح لبیک کہتی تھیں۔ خطبہ جمعہ پر گھر میں خاص طور پر ڈش کو ٹھیک رکھنے کا اہتمام کرواتیں اور دو تین دن پہلے ہی گھر میں ڈش اور رسیور کو درست حالت میں رکھنے کا کہنا شروع کر دیتی تاکہ وقت ضائع نہ ہو۔ اپنی وفات سے چند دن پہلے خاکسار کو بلوایا اور پوچھا کہ ناصر تم نظام خلافت پر مقالہ لکھنے کی سعادت حاصل کر رہے ہو؟

میں نے عرض کیا جی امی جان مگر اب بھائی کی شادی اور آپ کی طبیعت بھی صحیح نہیں رہتی اور تاریخ بھی ختم ہونے کو ہے اس لئے شاید محروم رہ جاؤں۔ تو اس پر فرمانے لگیں کہ سب کام چھوڑ کر مقالہ ضرور بھیجنا کہ ایک صدی بعد یہ موقع کسی کو نصیب ہو کہ نہ ہو۔ ہمیشہ ہم سب بچوں کو خلیفہ وقت سے پختہ وفا کا تعلق رکھنے کی تلقین فرماتیں اور اگر کوئی بچہ حضور کو خط لکھنے میں تاخیر کرے تو ناراضگی کا اظہار فرمایا کرتی تھیں۔ خلیفہ وقت سے وفا اور محبت کا یہ عالم تھا کہ اٹھتے بیٹھتے حضرت صاحب کے لئے دعائیں کیا کرتی تھیں اور اپنی وفات سے کچھ دیر پہلے بھی حضرت صاحب کی صحت و سلامتی کے لئے دعا مانگی۔ خلیفہ وقت کی ہر تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا کرتی تھیں اور اولاد کو بھی اس کی تلقین فرماتیں۔

محترمہ والدہ صاحبہ اپنا چندہ بڑی باقاعدگی سے ادا کیا کرتی تھیں۔ ہمیشہ مالی تحریکات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتیں اور ہم سب بچوں کو تلقین فرماتی تھیں۔ آپ خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے موصیہ تھیں اور سارے واجبات اپنی زندگی میں ادا کر چکی تھیں۔ وفات کے وقت دو ماہ کا چندہ ایڈوانس ادا کیا ہوا تھا۔ نیکی اور تقویٰ میں ایک خاص مقام رکھتی تھیں۔

محترمہ والدہ صاحبہ نے تقریباً 22 سال کا عرصہ ایام بیوگی میں گزارا۔ مگر ہمیشہ خدا تعالیٰ کا صبر و شکر ادا کیا کرتی تھیں اور ان ایام میں کسی بھی صورت میں کسی عزیز رشتے دار کے سامنے مدد کا خیال تک دل میں نہ لاتیں اور ہمیشہ ہم سب گھر والوں کو خدا سے مانگنے اور خدا کے ہی دیئے پر صبر شکر کرنے کا حکم دیتی تھیں۔ صبر و شکر کے اس مقام کو اللہ تعالیٰ نے بھی قبول فرمایا جس کے ہم سب گواہ ہیں۔

محض خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے محترمہ والدہ صاحبہ میں ہمدردی مخلوق خدا کا جذبہ کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا۔ ہمیشہ اپنی ضرورت پر دوسروں کی ضرورت کو ترجیح دیتی تھیں اور کوئی موقع خدمت خلق کا ہاتھ سے جانے نہ دیتی تھیں۔ جانی دشمن بھی اگر ضرورت کا اظہار کرتا تو ہر چیز بھلا کر اس کی ضرورت پوری کرتی تھیں۔ عید وغیرہ کے موقع پر ہمیشہ غریب گھرانوں میں کپڑے اور نقدی وغیرہ لازماً بھجواتی تھیں۔ ہر ماہ جو پنشن وصول ہوتی وہ غرباء میں تقسیم کر دیا کرتی تھیں۔ آپ کو جو دوائی وغیرہ کے سلسلہ میں پیسے ملتے تو انہیں بھی بعض اوقات کسی ضرورت مند کو دے دیتیں اور گھر میں کسی کو نہ بتاتی تھیں کہ دوائی ہے یا نہیں۔

کوئی بھی سوالی اگر آتا تو خالی ہاتھ نہ بھیجتیں۔ چونکہ امراض قلب کا شکار تھیں اس لئے ماہانہ کافی مہنگی دوائی استعمال کرتی تھیں۔ وفات سے چند ماہ قبل کوارٹرز بیوت الشکر دارالیمن غربی سے ایک عورت آئی اور کہا کہ 2000 روپے بجلی کا بل آیا ہے، پچھلے ماہ بھی ادا نہیں کیا۔ لہٰذا روپوں کی سخت ضرورت ہے۔ آپ نے اپنی صحت کا خیال نہ رکھتے ہوئے دوائی کے پیسے اس عورت کو دے دیئے اور کہا کہ اپنی ضرورت پوری کر لو۔ یہ واقعہ آپ کی وفات کے بعد اس عورت نے بیان کیا۔

آپ بہت ہی غریب پرور خاتون تھیں۔ ہمیشہ اپنی ذات پر دوسروں کو ترجیح دیتی تھیں۔ عیدوں کے موقع پر محلّہ کے غرباء کا خاص خیال رکھتی تھیں۔ عید الفطر سے قبل رمضان المبارک کے آخری عشرے میں دو کلو چینی، ایک کلو گھی اور سویاں اور گری وغیرہ لے کر پیکٹ بناتیں اور ساتھ کچھ نقدی بھی ہوتی تھی جو کہ مجھے معلوم نہیں اور غرباء کے کوارٹرز میں تقسیم کرتیں اور اکثر اوقات اگر گاؤں سے چاول کی فصل نہ بھی آئی ہوتی تو دو بوری چاول خرید کر دو دو کلو کے پیکٹ بنا کر غریبوں میں تقسیم کرتی تھیں اور کہتی کہ یہ لوگ مہنگائی کی وجہ سے استطاعت نہیں رکھتے کہ خرید سکیں۔

والدہ صاحبہ نہایت باہمت خاتون تھیں۔ ہمارے والد صاحب مکرم چوہدری احمد حیات صاحب وینس 1985ء میں تقریباً 23 برس قبل وفات پا گئے تھے۔ ان کی وفات کے وقت ہم سب بہن بھائی بہت چھوٹے تھے۔ والدہ صاحبہ نے انتہائی نامساعد حالات کے باوجود ہم سب بہن بھائیوں کو اعلیٰ تعلیم دلوائی اور والد صاحب کے ترکہ میں سے ملنے والی زمین اور گھر جو کہ بیداد پور ضلع شیخوپورہ میں تھا خیر باد کہہ کر بچوں کی تربیت کی خاطر مرکز کو ترجیح دی اور ربوہ میں ہی رہائش اختیار کی۔ ہم سب بہن بھائیوں کی شادیاں کیں اور اب سب اپنے اپنے گھروں میں خوش و خرم ہیں۔ آپ وفات سے قبل ماشاء اللہ تمام فرائض انجام دے چکی تھیں۔

محترمہ والدہ صاحبہ تربیت اولاد کے بارہ میں ایک خاص تڑپ رکھتی تھیں۔ ہمیشہ راتوں کو اٹھ اٹھ کر خدا تعالیٰ کے حضور گڑگڑا کر دعا کیا کرتیں کہ اے اللہ تو ہی ان یتیم بچوں کا حافظ و ناصر ہے اور تو ان سب کو نیک اور سیدھی راہ پر چلا، تاکہ یہ خادم دین بن سکیں۔ ہم سب بچوں کو اوائل عمری میں قرآن کریم ناظرہ پڑھا دیا اور سبھی کو قرآن کریم باترجمہ بھی پڑھا دیا۔

گھر میں اصول مقرر کر رکھا تھا کہ قرآن کریم ناظرہ سے پہلے بچے کو سکول داخل نہ کرواتی تھیں۔ سب بچوں کو سختی سے نماز باجماعت کے لئے بیت الذکر بھجوایا کرتی تھیں اور جماعتی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والے بچے کو وقتاً فوقتاً انعام سے نوازتیں تاکہ باقی بچوں میں بھی خدمت دین کا جذبہ پیدا ہو۔ جماعت کے اختلافی مسائل آپ کو ازبر تھے اور ہمیشہ فارغ وقت میں دعوت الی اللہ کے متعلق سادہ سادہ مگر پُر فہم جوابات سنایا کرتی تھیں۔ اپنے بڑے بیٹے کو حافظ قرآن بھی بنانے کی سعادت پائی اور پھر ایک نواسے کو بھی حافظ قرآن بنایا۔ سب سے بڑی بیٹی جرمنی میں آجکل والدہ محترمہ کے طفیل ہی لجنات کو قراءت سکھانے کی توفیق پا رہی ہیں۔ ایک بیٹے نے تقریباً 3 سال بطور معلم ”تعلیم قرآن“ وقف کرنے کی سعادت پائی۔

اقرباء پروری کا جذبہ محترمہ والدہ صاحبہ کے اندر ہمیشہ موجزن رہتا تھا اور کبھی بھی رشتہ داروں سے حسن سلوک کا موقع اپنے ہاتھ سے نہ گنواتیں۔ جب کسی سے ناراضگی ہوتی تو ہمیشہ سلام میں پہل کیا کرتی تھیں اور ناراضگی دل میں نہ رکھتی تھیں۔ ناروا سلوک کرنے والے رشتہ داروں سے بھی خندہ پیشانی سے پیش آیا کرتی تھیں۔ دل میں کسی قسم کا بغض اور کینہ پنپنے نہ دیتیں اور ہمیشہ ہم سب کو اس کی تلقین کرتی تھیں۔ ترکہ میں ملنے والی جائیداد بھی اپنے بھائیوں کو ھبہ کر دی۔

آپ کو بچوں سے بہت پیار تھا۔ آپ عید وغیرہ کے موقع پر محلے کی سب بچیوں کو جو گھر ملنے آتی تھیں عیدی ضرور دیتیں اور ساتھ ڈھیر ساری دعائیں بھی۔ اگر کوئی بچہ گھر نہ آتا تو اس سے شکوہ کرتی تھیں کہ تم عید ملنے کیوں نہ آئے۔

دنیا میں سب ماؤں کو اپنے بچوں سے پیار ہوتا ہے مگر سب کا انداز اپنا اپنا ہوتا ہے۔ ہماری والدہ محترمہ کا پیار ہم سب بہن بھائیوں کے ساتھ ایک شفیق دوست کا سا تھا۔ ہم بلاجھجک سب باتیں والدہ محترمہ کو بتایا کرتے تھے۔ بہوؤں کے ساتھ حسن سلوک میں اپنی مثال آپ تھیں۔ کبھی کسی قسم کا شکوہ تک زبان پر نہ لایا کرتی تھیں۔

محترمہ والدہ صاحبہ کو شعر و شاعری سے بھی ایک خاص شغف تھا۔ آپ کو درثمین کی کئی نظمیں زبانی یاد تھیں۔ اس کے علاوہ بخار دل بڑے شوق اور خوش الحانی سے پڑھا کرتی تھیں۔ قرآن کریم کا شعروں میں ترجمہ بھی آپ کو زبانی یاد تھا۔ آپ پنجابی زبان میں قرآن کریم کا شعری ترجمہ کیا کرتی تھیں۔ اتنی ساری نظمیں اور شعر زبانی یاد رکھنے کی وجہ آپ بتایا کرتی تھیں کہ مجھے حضرت سید لال شاہ صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی زوجہ محترمہ نے بچپن ہی میں قصیدہ عربی حضرت مسیح موعود یاد کرا دیا تھا جس کی برکت سے میرا حافظہ تیز ہے۔

مورخہ 15/ اگست 2007ء کی شب نماز عشاء سے قبل خود غسل اور وضو کیا، پھر عشاء کی نماز ادا کی اور پھر لیٹے لیٹے دعا کی کہ اے اللہ میرے دل میں اگر کسی کے متعلق کوئی بغض یا کینہ ہے تو اسے محض اپنے فضل سے صاف فرما دے۔ میں اپنے بچوں سے بہت خوش ہوں۔ اے اللہ تو ان کا نگہبان ہو۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کو صحت و سلامتی والی زندگی عطا کر تاکہ جماعت احمدیہ ان کے زیر سایہ غلبہ پا سکے۔ پھر اس کے بعد درود شریف قدرے بلند آواز میں پڑھا اور پھر ایک لمبا سانس لیا اور ...... درود شریف قدرے بلند آواز میں پڑھا اور ساتھ ہی ان کی روح قفس عنصری سے مولائے حقیقی کے حضور پرواز کر گئی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت آپ کی غائبانہ نماز جنازہ 7 نومبر 2007ء قبل از نماز ظہر بیت الفضل لندن میں پڑھائی۔ مرحومہ والدہ محترمہ گوناگوں صفات کی مالک تھیں۔ قرآن کریم کی تلاوت اور جماعت احمدیہ سے ایک خاص قسم کے والہانہ عشق کا جذبہ رکھتی تھیں۔ نیکی

(باقی صفحہ 6 پر)

ماخوذ

مغربی ممالک میں قبولیت اسلام کا رجحان

ڈاکٹر نور حسین افضل صاحب لکھتے ہیں۔

نیویارک میں شائع ہونے والے مقبول جریدے "Time" نے ایک رپورٹ شائع کی ہے جس کے ایک ایک جملے سے اسلام کی حقیقت اور حقانیت عیاں ہو رہی ہے، رپورٹ کے مطابق ''یورپ میں نئی مساجد کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے، فضا میں پانچ وقت اذان کی آواز گونج رہی ہے، روم میں تین کروڑ ڈالر کی لاگت سے مسجد تعمیر ہوئی، اس کے لئے زمین حکومت نے عطیہ کی، فرانس میں ایک ہزار مساجد ہیں، جبکہ 1970ء میں ان کی تعداد ایک درجن کے قریب تھی، ٹائم کے اعداد و شمار کے مطابق یورپ میں مسلمانوں کی تعداد 70 لاکھ ہے، برطانیہ میں تقریباً 100 کے قریب پبلک سکولوں میں بچوں کے نصاب میں اسلامیات کا مضمون شامل ہے، مغربی جرمنی کے مغربی لائن کی ریاست میں جتنے پبلک سکول ہیں اس میں ایک تہائی تعداد مسلمان بچوں کی ہے، جریدے کے مطابق تین دہائیاں قبل مسلمان یورپ میں اجنبی تھے اور انہیں شک و شبہ کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا، لیکن مسلمان اپنی حیثیت منوانے میں کامیاب ہوئے اور اپنے ووٹوں سے اور لارڈ نذیر احمد کو برطانیہ کا رکن پارلیمنٹ منتخب کیا، اسلامی لٹریچر، قرآن مجید کے تراجم کی فروخت میں نمایاں اضافہ ہو رہا ہے جو مغربی دانشوروں اور عوام کے دلوں پر گہرا اثر ڈال رہا ہے۔

برطانیہ میں ایک تعلیمی ٹرسٹ اسلامک فاؤنڈیشن کے مطابق ڈائریکٹر جنرل خورشید احمد کہتے ہیں کہ ''اسلامک فاؤنڈیشن کے جائزے کے مطابق یورپ میں ڈھائی کروڑ مسلمان آباد ہیں، ان میں ایک کروڑ 15 لاکھ روس میں، 75 لاکھ مغربی یورپ کے باقی ماندہ ممالک میں اور تقریباً 60 لاکھ مغرب یورپ میں آباد ہیں، اس طرح اسلام یورپ کا دوسرا بڑا مذہب ہے۔'' یورپ کے مسلم اقلیتی بورڈ کے ڈائریکٹر ڈاکٹر محمود صدیقی سعدی نے انکشاف کیا ہے کہ اقوام متحدہ نے یورپ کے مسلمانوں کی تعداد کے بارے میں جو رپورٹ شائع کی ہے اس میں مسلمانوں کو 21 ملین (2 کروڑ 10 لاکھ) ظاہر کیا گیا.......... جبکہ حقیقت یہ ہے کہ یورپ میں مسلمانوں کی تعداد 42 ملین (4 کروڑ 20 لاکھ) سے بھی زیادہ ہیں جو یورپ کے مختلف ممالک میں پھیلے ہوئے ہیں، مذکورہ مجموعی تعداد میں انگلستان میں 70 لاکھ فرانس میں 50 لاکھ اور 40 لاکھ سے زیادہ مسلمان جرمنی میں آباد ہیں۔

آیئے یورپ کے مختلف ممالک کے اعداد و شمار کا جائزہ لیتے ہیں:

☆.......... **برطانیہ** میں روز بروز مسلمانوں کی تعداد میں اضافہ ہو رہا ہے، اعداد و شمار کے مطابق برطانیہ میں مسلمانوں کی تعداد 20 لاکھ ہے۔ 600 مساجد اور 1400 اسلامی تنظیمیں کام کر رہی ہیں، برطانیہ میں مسلمانوں کی تعداد اور مساجد کی تعمیر میں بڑی تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے، اس کا اندازہ آپ صرف اس بات سے لگا سکتے ہیں کہ 1963ء میں برطانیہ میں صرف 13 مسجدیں تھیں اور ان مساجد میں صرف فجر، مغرب اور عشاء کی نمازیں ہوتی تھیں جبکہ پورے برطانیہ میں جمعہ کی کوئی خاص روایت نہ تھی اس کے صرف 30 برس بعد 1993ء تک برطانیہ میں 575 مساجد تعمیر ہو چکی ہیں اور ان مساجد میں جمعہ کا اہتمام بھی ہوتا ہے۔

☆.......... **فرانس** یورپ کا وہ ملک ہے جس میں سب سے زیادہ مسلمان آباد ہیں۔ فرانس میں مسلمانوں کی تعداد 60 لاکھ ہے، 1300 مساجد اسلامک سینٹر ہیں، 600 اسلامی تنظیمیں کام کر رہی ہیں، قومی سطح پر مسلمانوں کا اپنا ریڈیو چینل ہے، مسلمانوں نے اپنا پہلا سکول مڈغاسکر کے مشرق میں فرانسیسی جزیرے ری یونین میں کھولا، پہلے کالج کا افتتاح 2001ء میں آبر وویلیر ز میں کیا، اب الحمدللہ کئی تعلیمی ادارے کام کر رہے ہیں، حکومتی دعویٰ کے مطابق جن فرانسیسیوں نے اسلام قبول کیا ان کی تعداد 30 ہزار ہے، جبکہ آکسفورڈ یونیورسٹی کے مشہور اسکالر عبدالکریم مراد نے انکشاف کیا ہے کہ ایک لاکھ فرانسیسی مشرف باسلام ہو چکے ہیں اس طرح نو مسلموں کے حوالے سے فرانس یورپ میں پہلے نمبر پر آتا ہے، حکومت کا خیال ہے کہ آئندہ پندرہ سال میں فرانس میں مسلمانوں کی تعداد 60 تا 80 لاکھ ہو جائے گی۔

☆.......... **اٹلی** سے شائع ہونے والے مجلّہ "The Journal" میں انکشاف کیا گیا ہے کہ 200 سال بعد یورپ معاشرہ مکمل طور پر اسلام کو دین کی حیثیت سے قبول کرلے گا۔

☆.......... اٹلی اور جرمنی میں بھی مسلمانوں کی صورت حال تسلی بخش ہے، اٹلی میں مسلمانوں کی تعداد 10 لاکھ ہے، 450 مساجد و اسلامک سینٹر ہیں ان میں 80 ہزار پچھلے چند برسوں میں مسلمان ہوئے۔

☆ **جرمنی** میں 40 لاکھ مسلمان آباد ہیں، 1400 مساجد اور اسلامک سینٹرز ہیں، آبادی میں مسلمانوں کا تناسب 3.7 فیصد ہے۔

☆.......... **کینیڈا** میں اسلام قبول کرنے کی شرح 1991ء تا 2001ء تک 128.9 فیصد اضافہ ہوا۔

☆.......... 11 ستمبر کے واقعات کے بعد **سوئٹزرلینڈ** میں 6 ہزار عیسائی مسلمان ہوئے۔

☆.......... ماہرین کا خیال ہے کہ 2020ء تک یورپ کی کل آبادی میں مسلمانوں کی تعداد 10 فیصد ہو جائے گی۔

☆.......... امریکہ کے ایک آزاد تحقیقاتی ادارے کے مطابق 2025ء تک زمین پر آباد نفوس میں ایک تہائی مسلمان ہوں گے۔

☆.......... سان ڈیاگو یونیورسٹی کے ایک محقق جان ویکس کے مطابق 2020ء تک دنیا میں ہر چار افراد میں سے ایک مسلمان ہوگا۔

☆.......... معروف پادری ماجولینی کے بقول ''مستقبل اسلام کا ہے''۔

امریکی جریدے کے مطابق 2025ء تک مسلمان پوری دنیا کا 35.5 فیصد ہوں گے جبکہ عیسائی 20.2 فیصد ہوں گے۔

2000ء میں ہندو 13.4 فیصد تھے، جبکہ 2025ء تک 13.1 فیصد ہوں گے۔

2000ء میں بدھ مت 5.9 فیصد تھے جبکہ 2025 تک 5.7 فیصد ہوں گے۔

2000ء میں یہودی 3.7 فیصد تھے، جبکہ 2025ء میں 2.5 فیصد ہوں گے۔

☆ جبکہ دیگر مذاہب 7.7 فیصد ہوں گے، جریدے نے اعتراف کیا ہے کہ یورپ میں اسلام کے پھیلاؤ کا تناسب دوسرے مذاہب سے کہیں زیادہ ہے۔

اب آپ ان معروضات کو یکسوئی کے ساتھ ملاحظہ کیجئے یہ اور ان جیسی رپورٹس جب دنیا بھر کے ٹاپ کلاس یہودیوں کے پوپ اور عیسائیوں کے پادریوں کے سامنے آئیں کہ 2025ء تک اسلام کے ماننے والے پوری دنیا کا 35.5 فیصد ہو جائیں گے اور عیسائی 20.2 اور یہود 2.5 فیصد.......... اس رپورٹ کے بعد یہ تمام پوپ اور پادری سر جوڑ کر بیٹھ گئے کہ کس طرح مسلمانوں کی اس بڑھتی ہوئی تعداد کو روکا جائے۔ چنانچہ انہوں نے جو پلان ترتیب دیا اس کے چند مندرجات یہ ہیں۔

اول: 9/11 کا خود ساختہ واقعہ ان کے پلان کی تمہید تھا، اس واقعہ کے بعد افغانستان پر حملہ کر کے اسلامی حکومت ختم کی گئی، پھر امریکہ اور برطانیہ میں رجسٹریشن کے نام پر مسلمانوں کو ملک بدر کیا گیا، امیگریشن کے قوانین سخت کر کے مسلمانوں کو ایئر پورٹ سے ڈی پورٹ کیا گیا، قانونی طور پر رہائش پذیر مسلمانوں کو پریشرائز اور خوف میں مبتلا کیا گیا، ان کے ٹیلی فون ٹیپ کئے جا رہے ہیں تاکہ نہ تو یہ عملی طور پر اسلام کی نشاۃ ثانیہ میں شریک ہو سکیں اور نہ یہ فنڈز فراہم کر سکیں۔

دوم: نبی کریم ﷺ کی توہین کیوں کی گئی، قرآن مجید کو دہشت گردی کی تربیت دینے والی کتاب کیوں قرار دیا گیا اور ''فلم فتنہ'' بنا کر قرآن مجید کی مخالفت کیوں کی گئی، اگر گہرائی میں جا کر سوچا جائے تو یہ سازش اسلام کی جڑیں کاٹنے کے مترادف ہے۔

سوم: مسلمانوں کی نسل کشی کر کے انہیں کیوں کمزور کیا جا رہا ہے، پہلے افغانستان پر حملہ کیا گیا پھر عراق کو خاک و خون میں تڑپایا گیا، ارض مقدس فلسطین میں روزانہ لاشیں گرائی جا رہی ہیں، پاکستان کے جری اور بہادر علاقوں قبائل اور سوات میں لشکر کشی اسی عالمی پلاننگ کا حصہ ہے۔

اس ساری پلاننگ کے ذریعے رائے عامہ کو اس کے لئے ہموار کیا گیا اور اس کے ذریعے پوری عالم انسانیت کو یہ پیغام دیا گیا کہ مسلمان دہشت گرد ہیں، تاکہ انہیں نبی کریم ﷺ کی سیرت طیبہ اور قرآن مجید کے مطالعہ سے روکا جا سکے۔ عالم اسلام کے حکمرانوں سے استدعا ہے کہ یہود و ہنود کی اس سازش کو ناکام بنائیں اس کے لئے عملی اقدامات کی اشد ضرورت محسوس ہو رہی ہے تاکہ یہود و ہنود کے شر سے اسلام اور مسلمانوں کو بچایا جا سکے، اس میں ان کی اپنی بھی بقا ہے، آخری گزارش یہ ہے کہ یہود و ہنود کی اس ساری پلاننگ اور سازش کے باوجود یورپ کیوں اسلام کے زیر نگوں آ رہا ہے۔

انگلستان کے نامور مفکر جارج برنارڈ شا کا یہ قول تاریخ کی کتب میں بہت مشہور ہے۔ ''آنے والی صدی میں دنیا کے سب ہی مذہب فنا ہو جائیں گے، بجز اسلام کے کیونکہ یہی ایک ایسا مذہب ہے جو وقت کے تمام تقاضوں کو پورا کرتا ہے''۔

(روزنامہ جنگ 8 جولائی 2008ء ص 8)

(بقیہ از صفحہ 5 ''میری والدہ مکرمہ سکینہ اختر صاحبہ'')

اور تقویٰ میں ایک خاص مقام رکھتی تھیں۔ انتہائی عاجزی اور انکساری ان کی ذات کا حصہ تھا۔ مرحومہ والدہ محترمہ نے سوگواران میں 3 بیٹیاں، 4 بیٹے، متعدد نواسے نواسیاں اور ایک پوتا 3 پوتیاں چھوڑی ہیں۔ آپ کا ذکر اولادیں ہے۔

